(Also emailed*/faxed separately)

# پریس ریلیز

رائے عامہ سروے

## کھیل

کرکٹ

گھرانوں میں کرکٹ دیکھنے کا رجحان

**صرف 23% پاکستانیوں کا کہنا ہے کہ اُن کے گھرانے کی خواتین دلچسپی سے کرکٹ دیکھتی ہیں۔ دیہی علاقوں میں رہنے والی خواتین (21%) کی نسبت شہری علاقوں میں رہنے والی خواتین (26%) کرکٹ میں تھوڑی زیادہ دلچسپی رکھتی ہیں۔**


**(گیلپ & گیلانی سروے)**

(اسلام آباد، 31 جولائی 2025)

گیلپ & گیلانی پاکستان کے ایک حالیہ سروے کے مطابق، صرف 23% پاکستانیوں کے مطابق اُن کے گھرانے کی خواتین دلچسپی سے کرکٹ دیکھتی ہیں، جبکہ 67% افراد کی ایک نمایاں شرح کا یہ کہنا کہ اُن کے گھرانے کی خواتین کرکٹ میں دلچسپی نہیں رکھتی ہیں۔ سروے کے نتائج سے ظاہر ہوتا ہے کہ اگرچہ کرکٹ ملک کا مقبول کھیل ہے، لیکن زیادہ تر پاکستانی گھرانوں کی خواتین میں اس کو باقاعدگی سے دیکھنے کا رجحان اب بھی بہت کم ہے۔

سروے میں ملک بھر سے شماریاتی طور پر منتخب خواتین و حضرات سے یہ سوال پوچھا گیا تھا کہ **" کیا آپ کے گھرانے کی خواتین دلچسپی سے کرکٹ دیکھتی ہیں ؟"**۔ اس سوال کے جواب میں 23% جوابدہندگان کے مطابق "ہاں" اُن کے گھرانے کی خواتین دلچسپی سے کرکٹ دیکھتی ہیں، جبکہ 67% جوابدہندگان کے مطابق "نہیں" اُن کے گھرانے کی خواتین دلچسپی سے کرکٹ نہیں دیکھتی ہیں، تاہم 10% جوابدہندگان نے اس حوالے سے کسی رائے کا اظہار نہیں کیا۔


**"کیا آپ کے گھرانے کی خواتین دلچسپی سے کرکٹ دیکھتی ہیں؟"**




*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

گیلانی ریسرچ فاؤنڈیشن کا حالیہ سروے گیلپ انٹرنیشنل سے منسلک گیلپ اور گیلانی پاکستان کی مدد سے کیا گیا۔ یہ سروے پاکستان کے چاروں صوبوں کی دیہی و شہری آبادی کی 779 خواتین اور مرد حضرات سے 7th مارچ تا 22nd مارچ 2025 میں کیا گیا ہے۔ غلطی کے امکان کا تخمینا شماریاتی طور پر 95% اعتماد کے ساتھ تقریباً 3%-2± لگایا گیا ہے۔ اس سروے میں ڈیٹا اکٹھا کرنے کا طریقہ فون انٹرویو تھا۔

**دیہی–شہری علاقوں کے اعتبار سے نتائج:** سروے کے اعداد و شمار سے شہری اور دیہی علاقوں میں فرق دیکھنے میں آتا ہے، شہری علاقوں کے گھرانوں کی خواتین میں کرکٹ دیکھنے کا رجحان زیادہ پایا گیا، جہاں 26% کا یہ کہنا ہے کہ اُن کے گھرانے کی خواتین دلچسپی سے کرکٹ دیکھتی ہیں، جبکہ دیہی علاقوں میں یہ شرح 21% ہے۔ یہ معمولی فرق اس بات کی طرف اشارہ ہے کہ رہائش کی جگہ، میڈیا تک رسائی اور تفریح کے مواقع بھی خواتین کی کرکٹ میں دلچسپی پر اثرانداز ہو سکتے ہیں۔




*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, [www.gilanifoundation.com](http://www.gilanifoundation.com))*

***Opinion Poll from Gallup Pakistan***

*The Pakistani Affiliate of Gallup International*

GILANI RESEARCH FOUNDATION

**Thursday, 31st July 2025**

*(3 Pages, Urdu version only)*

***Gilani Research Foundation is a not-for-profit public service project to provide social science research to students, academia, policymakers, and concerned citizens in Pakistan and across the globe.***

*Gilani Research Foundation is headed by Dr. Ijaz Shafi Gilani who pioneered the field of opinion polling in Pakistan and established Gallup Pakistan in 1980. Currently, Dr. Gilani, who holds a PhD from the Massachusetts Institute of Technology (MIT) and has taught at leading universities in Pakistan and abroad, is Chairman of Gallup Pakistan.*

*If you have any further questions regarding this poll, please feel free to contact us.*

*Best Regards,*
*Gallup Pakistan*

***Disclaimer:*** *Gallup Pakistan is not related to Gallup Inc. headquartered in Washington D.C. USA. We require that our surveys be credited fully as* ***Gallup Pakistan*** *(not Gallup or Gallup Poll). We disclaim any responsibility for surveys pertaining to Pakistani public opinion except those carried out by* ***Gallup Pakistan, the Pakistani affiliate of Gallup International Association.***

*For more details about the Gallup International Association and to stay connected, please visit:*

- Official Website: www.gallup-international.com
- Instagram: https://www.instagram.com/gallup_international
- Facebook: https://www.facebook.com/people/Gallup-International-Association/100089179655116/
- LinkedIn: https://www.linkedin.com/company/gallup-international-association

Daily Gilani Poll 2025

celebrating 45 years of Gallup Pakistan (1980-2025)